سوال

کیا کوئی مسلمان قرآن پاک پڑھ کر گمراہ بھی ہوسکتا ہے ؟

جواب

قرآن پڑھنے سے گمراہ ہونا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا کوئی مسلمان قرآن پاک پڑھ کر گمراہ بھی ہوسکتا ہے ۔ ؟کیا قرآن پاک میں ایسی آیات ہیں کہ جن کا مطلب جتنی مرضی کوشش کرلیں سمجھ نہیں سکتے ۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ١ ۔ قرآن مجیدان لوگوں کے لئے گمراہی کا باعث ہے ، جوفاسق وفاجراوراللہ کے نافرمان ہیں ، اورقرآن مجید کواپنی خواہش کے مطابق سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ ارشاد باری تعالی ہے ۔ يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا وما يضل به الا الفاسقين (البقرہ، 2 : 26) یہ (قرآن) بہت سوں کو گمراہ کردیتا ہے اوربہت سوں کوہدایت دیتا ہے ۔ اوراس سے صرف فاسق ہی گمراہ ہوتے ہی۔ صوفیاء وخرافیین کی ایک بڑی اکثریت عام طورپرقرآن مجید کوجس اندازسے پیش کررہی ہے ، وہ نئی نسل کواسلام کی طرف راغب کرنے کی بجائے اُس کے اندرمذہب بیزاری اور گمراہی کے رُجحانات کوفروغ دے رہا ہے ۔ وہی قرآن جوسراپاہدایت ہے ، اُس کی مَن مانی اورغلط تشریحات سے گمراہی بھی اَخذکی جاسکتی ہے اورایسافی الواقع ہورہا ہے ۔ ٢ ۔ قرآن مجیدسارے کاسارا سمجھا جاسکتا ہے ، کیونکہ اسے اللہ تعالی نے لوگوں کی ہدایت کے لئے نازل فرمایا ہے ، اورجوچیز سمجھ ہی نہ آئے وہ باعث ہدایت کیسے ہوسکتی ہے ۔ ہاں البتہ حروف مقطعات ، جوسورتوں کے شروع میں لکھے گئے ہیں ، ان کا معنی ومفہوم اللہ کے سواکوئی نہیں جانتا ۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث